Paper Code Number: 1023

2024 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

رول نمبر MTA-1-24

اردو ( لازمی ) | پرچہ - پہلا گروپ - پہلا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | '' حادثہ '' کی جمع ہے۔ | احادیث | حدیث | حادثات | حادث |
| 2 | '' کتب '' کا واحد ہے۔ | کتاب | کتابیں | کتابوں | کاتب |
| 3 | مذکر لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | شان | رنگ | نظر | ملت |
| 4 | مؤنث لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | آدھورازی | جاڑا | تیتر | اشتیاق |
| 5 | لفظ '' گُل '' کا متضاد ہے۔ | چمن | پھول | باغ | خار |
| 6 | حضورؐ نے تین راتیں ______ میں گزاریں۔ | جبل ثور | جبل نور | جبل حرا | جبل احد |
| 7 | مرزا غالب کی آمدنی غدر کے بعد ہوگئی تھی۔ | 100 روپے | 150 روپے | 200 روپے | 250 روپے |
| 8 | مقالاتِ سرسید کا موضوع ہے۔ | ناول | ڈرامہ | مضمون | افسانہ |
| 9 | مصور کا نام تھا۔ ( بحوالہ لہو اور قالین ) | نقوی | قادری | چشتی | نیازی |
| 10 | جھالر والے تکیے کے غلاف پر تصویر کڑھی ہوئی تھی۔ | شیر کی | ہاتھی کی | بارہ سنگھے کی | ہرن کی |
| 11 | ڈاکٹر صاحب دفتر سے واپس آتے تھے۔ | 6 بجے شام | 7 بجے شام | 3 بجے دن | 8 بجے رات |
| 12 | نصوح اور سلیم کا آپس میں رشتہ تھا۔ | دوست | بھائی | باپ بیٹا | چچا بھتیجا |
| 13 | اردو کے اوّلین نظم نگار ہیں۔ | شبلی | حالی | پریم چند | نظیر اکبر آبادی |
| 14 | علامہ محمد اقبالؒ نے ایم کیا۔ | فلسفے میں | انگریزی میں | اردو میں | تاریخ میں |
| 15 | غالب کی شادی ______ کی عمر میں ہوئی۔ | 16 سال | 13 سال | 15 سال | 18 سال |

ParhloPakistan.com

2024 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

رول نمبر

| اردو (لازمی) | پرچہ - پہلا گروپ - پہلا | انشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(ii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iii) چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(iv) جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(حصہ غزل)

(i) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(ii) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) عام طور پر بُلبُل کو آہ و زاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا۔

(ب) دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہ خلائق ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبداللہ، جو نوخیز جوان تھے، شب کو غار میں ساتھ ہوتے، صبح منہ اندھیرے شہر چلے جاتے اور پتا لگاتے کہ قریش کیا مشورے کر رہے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) سرسیّد احمد خان کے نزدیک قوائے قلبی اور قوت عقلی کے فوائد لکھیے۔

(ii) مشاعرے میں سودا نے جس لڑکے سے بار بار مطلع پڑھوایا اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

(iii) حضرت بی کی نصیحت کا سلیم پر کیا اثر ہوا؟

(iv) افسانہ کی تعریف کیجیے۔

(v) ''ڈرامہ آرام و سکون'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vi) ''نعت'' کس نظم کو کہتے ہیں؟

(vii) برسات کے موسم کا حال بیان کریں۔

(viii) تخلّص کس شعر میں ہوتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) امتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت کیجیے۔

یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ ''اتفاق میں برکت'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا ''استاد اور شاگرد'' کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) عزیز نے گلاس کو توڑا۔
(ii) عابد نے حج کرنا ہے۔
(iii) کامیابی حاصل کرنے کے لیے کمر کو باندھنا چاہیے۔
(iv) بزرگ کا آب و دانہ اب دُنیا سے اُٹھ گیا ہے۔
(v) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آخ تھو ______
(ii) بارہ برس دلّی میں رہے ______
(iii) خدمت ______ عظمت ______
(iv) ______ سیکھ واکو دیجیے جاکو سیکھ سہائے
(v) لاد دے لدا دے ______



ParhloPakistan.com